سے بے توجہی نہیں برتی - ضرور پڑھیے - اندازہ کیجیے کہ ہمارے ہاں صلاحیتیں کیسی کیسی ہیں -

ہمیں تو "سارک" کانفرنس سے "مبارک" کانفرنس زیادہ اچھا لگتا ہے -

ٹائیٹل کی تصویر دیکھ کر خیال ہوا کہ اگر حکیم صاحب توجہ کریں تو وہ یہ رجحان بھی پیدا کر سکتے ہیں کہ ہماری محفلوں میں صفائی اور سلیقہ تو مطلوب ہے مگر شاندار مسرفانہ لباسوں کے مظاہرے اور زینتیں نہیں - ورنہ یہی بظاہر ٹھیک ٹھاک راستہ آگے جا کر خطرناک شاہراہوں سے جا ملتا ہے -

لیکن حکیم صاحب کی دانشِ اعلیٰ ہمارے مشوروں کی محتاج نہیں -

پشاور کی بچیاں بازی لے گئیں کہ انہوں نے اسلام کی مثالی خواتین کے تذکرے سے اپنے مضامین کو جگمگایا -

میرا خیال ہے کہ ہمارے تمام کاموں کا حوالہ "اسلام برائے تعمیرِ پاکستان و فلاحِ انسانیت" ہونا چاہیے -

---

پیغام ڈائجسٹ جہاد کشمیر نمبر	بچوں کا ماہنامہ - مدیر: بشیر حسن - دفتر ۱-اے ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور -

اس رسالے کا اجرا اور ارتقا بہت امید افزا ہے - خصوصاً یہ خاص نمبر جو سامنے ہے، معلومات افزا اور ولولہ انگیز ہے - بھارت کے مظالم اور کشمیریوں کی مجاہدانہ سرگرمیوں کو دلچسپ اسالیب سے بیان کیا گیا ہے - ایسی تحریروں سے بچوں میں مسلمان کا جذبۂ جہاد پرورش پاتا ہے - مسئلہ کشمیر کی داستانِ درد کے نمایاں تاریخی سنگِ میل ۱۶ / مارچ ۱۸۴۶ء سے لے کر ۱۶ / اپریل سنہ ۱۹۹۰ء تک تاریخ وار پیش کیے گئے ہیں نیز مقبوضہ جموں و کشمیر کا نقشہ بہت اہم ہے - قیمت خاص نمبر ۳/- روپے -

---